## سوال

(993) پاؤڈراور کریموں کا حکم جو عورتیں لگاتیں ہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پاؤڈراور کریمیں جو عورتیں اپنے چہروں پر لگاتی ہیں، ان کا کیا حکم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

طيب الرجل ما ظهرت رائحته وخفي لونه وطيب المرأة ما خفيت رائحته وظهر لونه

''مرد کی خوشبووہ ہے جس کی مہک نمایاں اور رنگ مخفی ہو، اور عورت کی خوشبووہ ہے جس میں رنگ نمایاں اور مہک مخفی ہو۔'' (سنن الترمذی، کتاب الادب، باب طیب الرجال والنساء، حدیث: 2788) فضیلۃ الشیخ نے روایت بالمعنی بیان کی ہے۔

لہذا عورت کی خوشبو (اور زینت کی اشیاء) میں رنگ ہوں تو کوئی حرج نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 702**

محدث فتویٰ